**MILITARY LANDS & CANTONMENT BOARD NOWSHERA**
**Email: cbn.1848@gmail.com**
**Tele: 0923-9220087 Fax: 0923-9220276**

No. V-GA/154/625
Office of the Cantonment Board,
Nowshera the 25th Nov, 2024.

To

The Director Advertisement,
PPRA Islamabad.

Subject:- **NOWSHERA CANTT – ADVERTISEMENT FOR AUCTION OF 02 X CABINS**

Please arrange to publish the enclosed advertisement on your webpage and paid deposit slip on account of uploading advertisement fee in advance is attached herewith for your record purpose.

Cantonment Executive Officer
Nowshera Cantt

CamScanner

# کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ ( اشتہار نیلامی کیبن)

ہر خاص و عام بشمول کاروباری حضرات کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی درج ذیل کیبن کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ تین سال ماہانہ کرایہ پر دینے کیلئے نیلام عام مورخہ 17.12.2024 منعقد کر رہا ہے۔ کسی بھی وجہ سے مقررہ تاریخ پر بولی نہ ہونے کی صورت میں نیلامی کی متبادل تاریخ 18.12.2024 کو ہو گی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقرر پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کیبن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | کیبن / لوکیشن | زر بیعانہ فی کیبن |
|---|---|---|
| 01 | 02عدد کیبن واقع باغ جناح | 01لاکھ روپے |

**شرائط:۔**

-1 نیلامی مقررہ تاریخ کو دن 02:00 بجے شروع ہو گی۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ بمع قومی شناختی کارڈ جمع کروایا ہو وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

-2 ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

-3 نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہو گی اور ماہانہ کرایہ میں افراط زر کے مطابق یا کم از کم 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 03 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہو گی۔

-4 03سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا کیبن کو مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجودہ کرایہ دار کو کیبن دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو ماہانہ کرایہ میں مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق اضافہ کر کے تجدید کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 03،03 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں ہر توسیع کے پہلے سال مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق یا کم از کم 25٪ اضافہ ہو گا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے موجودہ افراط زر کے مطابق اضافہ ہو گا۔

-5 اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

-6 قبضہ کیبن کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور تین ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور کیبن دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔ اور کیبن دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو دیا جائے گا۔ اگر دوسرے نمبر پر آنے والا بولی دہندہ بھی شرائط اور ضوابط پورا کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو اُس کا کال ڈیپازٹ بھی بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا اور کیبن دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

-7 کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

-8 کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

-9 کامیاب بولی دہندہ کیبن کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت ٹرانسفر کر سکتا ہے۔ اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔

-10 کامیاب بولی دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

-11 کامیاب بولی دہندہ اپنے کیبن کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہو گا

-12 زیر دستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

-13 کامیاب بولی دہندہ کیبن کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی و ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہو گی۔ کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت کیبن کا معائنہ کر سکتا ہے۔

-14 کامیاب بولی دہندہ کیبن میں مارکیٹ ریٹ کے مطابق ریٹ لسٹ واضح جگہ پر چسپا کرنے کا پابند ہو گا۔ اوور چارجنگ کی صورت میں کرایہ دار کو جرمانہ کیا جائے گا۔ اور مسلسل خلاف ورزی پر کرایہ دار / کامیاب بولی دہندہ کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

-15 کینٹ بورڈ انتظامیہ ماہانہ کرایہ کی عدم آدائیگی کے صورت میں اطلاع دے کر کیبن کا چارج لے سکتی ہے اور کیبن کینسل کر کے دوبارہ نیلام کر سکتا ہے۔

-16 کامیاب بولی دہندہ سیکورٹی چیکنگ کا خود ذمہ دار ہو گا اور قانونی دائرے میں رہ کر ٹھیکہ چلانے کا پابند ہو گا۔

-17 کیبن میں تمباکو نوشی کے خرید و فروخت پر پابندی ہو گی۔

-18 کینٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہو گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

-19 دیگر شرائط کیبن کے سائز و نقشہ دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

-20 نیلامی پیپرا رولز 2004 کے مطابق ہو گی اور اشتہار پیپرا ویب سائٹ پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923- 9220089

CamScanner